# ایسوسی ایشن و مکینوں کی کمیٹی کی میٹنگ کے منٹس:

میٹنگ تاریخ: 25 جنوری 2024

میٹنگ مقام: ایسوسی ایشن آفس

میٹنگ کے ممبران: جناب یونس محی الدین، جناب امتیاز احمد صدیقی، جناب حبیب الرحمٰن خان، جناب سید ارشاد احمد، جناب عاطف خان اور جناب نسیم چوہدری۔

جنرل باڈی اجلاس بتاریخ 22 جنوری 2024 کے متفقہ فیصلہ کے مطابق مندرجہ بالا چھ ممبران پر مشتمل کمیٹی کا اجلاس ایسوسی ایشن آفس میں 25 جنوری 2024 کی رات 09:00 بجے منعقد ہوا جس میں تمام اراکین نے ایسوسی ایشن کے سال 2023 کے تمام اکاؤنٹ کی جانچ پڑتال کی اور برن آؤٹ پروگرام بند ہونے سے جو وصولیات میں کمی آئے گی اور افراد زر کی شرح و مہنگائی اور اسٹاف کی تنخواہوں میں مزید اضافہ و متغیر اخراجات کے لئے ایسوسی ایشن کو اضافی رقم درکار ہوگی اسکا باریک بینی سے جائزہ لیا۔

ممبران نے اس بات کو اہمیت دی کہ مکینوں پر بہت زیادہ اضافی بوجھ بھی نہ ڈالا جائے بلکہ ایک متوازن ماہانہ کنٹری بیوشن میں اضافہ کیا جائے۔

ممبران نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ایسوسی ایشن کھیلوں کی سرگرمیاں مزید بڑھانے پر توجہ دے گی اور تمام کھیل و سماجی ایکٹیوٹی ایسوسی ایشن کے زیر سرپرستی ہی ہونگی، ماہانہ اکاؤنٹ باقائدگی سے ہر مکین کو ہارڈ کاپی کی صورت میں تقسیم کیا جائے گا اور اخراجات کی تفصیل مزید وضاحت کے ساتھ پیش کی جائے گی جیسے تنخواہ‌وں، بجلی کے بل اور آفس اخراجات کو نوٹ کی شکل میں دکھایا جائے گا۔

ہر ایسوسی ایشن کے پاس ایک بفر فنڈ لازمی رہنا چاہئے جیسے مبلغ پانچ لاکھ روپیہ (-/Rs.500,000) تاکہ ایمرجنسی کی صورت میں یا اگلے ماہ کی تنخواہوں و دیگر اخراجات کے لئے فوری رقم دستیاب ہو۔

کمیٹی نے اتفاق کیا کہ ایسوسی ایشن اپنے منڈیٹ کے مطابق کام کرے اور ایسوسی فنڈ اس جگہ نہ خرچ کئے جائیں جہاں اسکی ذمہ داری نہیں مثلاً گٹرلائن و پانی کی لائن جو مکینوں کی ذاتی ذمہ داری ہے۔ ایسے معملات میں ایسوسی ایشن لاجسٹک و نگرانی ضرور مہیا کرسکتی ہے۔

اوپر کی تمام باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام ممبران نے ماہانہ کنٹری بیوشن کو 2300 روپے کرنے پر اتفاق کیا اور منظور کیا، لہذا یکم جنوری 2024 سے اب تمام مکین 2300 روپے ماہانہ کنٹری بیوشن دینا شروع کریں گے جبکہ جنرل باڈی نے 2500 روپے منظور کئے تھے مگر مکینوں کی آسانی کے لئے اس کو 2300 روپے تک محدود رکھا گیا ہے۔ 100 روپے کا اضافہ تو سالانہ کی بنیاد پر ہونا تھا لہذا صرف 300 روپے مزید بڑھانے کی تجویز منظور کی گئی ہے۔

امید ہے تمام مکین ممبران جنرل باڈی کی منظور شدہ کمیٹی کی سفارش کو تسلیم کرتے ہوئے اس پر عمل کریں گے۔

منجانب:

سید ارشاد احمد۔ عاطف خان۔ نسیم چوہدری

یونس محی الدین۔ امتیاز احمد صدیقی۔ حبیب الرحمٰن خان

SCANNER ODYSSEY APPS

Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Association

سرکلر نمبر 147
30 جنوری 2024

# جنرل باڈی اجلاس 21 جنوری 2024 کی کاروائی وتفصیلات

بروز اتوار دن 2 بجے بتاریخ 21 جنوری 2024 بمقام H- پارک جنرل باڈی اجلاس منعقد کیا گیا جس میں 134 پرنسپل ممبران نے شرکت کی۔

## اجلاس کی کاروائی ومنٹس کی تفصیلات :

۱۔ ایجنڈے کے مطابق اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک ودرس قران سے ہوا جسکی سعادت قاری نظیر الحق صاحب (امام مسجد خدیجہ) کو حاصل ہوئی۔

۲۔ اجلاس کی کاروائی ممبر ایسوسی ایشن جناب محمد علی نے سنبھالی اور صدر ایسوسی ایشن جناب فرحت علی خان کو دعوت خطاب دیا۔ صدر ایسوسی ایشن نے اپنے خطاب میں تمام پرنسپل ممبران والیکشن میں حصہ لینے والے تمام نمائندوں سمیت الیکشن کمیٹی کے تینوں اراکین کا بہترین الیکشن کروانے پر شکریہ ادا کیا۔ صدر نے تمام نو منتخب اراکین ایسوسی ایشن سے حلف لیا اور مختصر کلمات کے بعد جنرل سیکرٹری کو دعوت کلام دیا۔

۳۔ جنرل سیکرٹری جناب یونس محی الدین صاحب نے تمام حاضرین کا جنرل باڈی اجلاس میں شریک ہونے پر شکریہ ادا کیا، الیکشن میں مسلسل چوتھی بار منتخب ہونے پر تمام ممبران کی حمایت پر تہہ دل سے اپنی پوری ایسوسی ایشن کی جانب سے شکریہ ادا کیا۔ یونس صاحب نے اپنی ایسوسی ایشن کی گزشتہ سالوں کی کارگردگی پر روشنی ڈالی اور حاضرین کو اپنی ایسوسی ایشن کے بہترین کاموں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ انکا کہنا تھا کہ گزشتہ دو سالوں میں ایسوسی ایشن نے مکینوں سے کوئی اضافی فنڈ وڈونیشن وصول نہیں کیا اور اپنے تمام اخراجات ماہانہ کنٹری بیوشن و برن آؤٹ وغیرہ سے ملنے والے فنڈ کے ذریعے مکمل کئے۔ اب کیونکہ برن آؤٹ پر الیکشن کے دوران کچھ مخالفت کی گئی اور کچھ مکینوں کو بھی اس پر اعتراض تھا لہذا اسکے معاہدہ کی تجدید نہیں کی گئی ہے اور برن آؤٹ پروگرام ختم کر دیا گیا ہے لہذا ایسوسی ایشن کی وصولیات میں کمی کو پورا کرنے کے لئے ماہانہ کنٹری بیوشن میں اضافہ لا محال ہو گیا ہے۔

۴۔ جنرل سیکرٹری جناب یونس محی الدین صاحب نے دو قرارداد پیش کیں ایک اب ماہانہ کنٹری بیوشن 1700 روپے کے بجائے 1900 روپے کہلائے گی جس پر کسی پرنسپل ممبر نے مخالفت نہیں کی اور وہ منظور ہو گئی جبکہ دوسری قرارداد ماہانہ کنٹری بیوشن کو 2500 روپے کیا جا رہا ہے جس پر کافی ممبران نے اپنی رائے پیش کی اور بلآخر کچھ بحث ومباحثہ کے بعد اس بات پر اتفاق ہوا کہ ماہانہ کنٹری بیوشن کو 2500 روپے کر دیا جائے اور قرارداد کو منظور کیا گیا مگر ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو اس ماہانہ اضافہ کا بغور جائزہ لے اور اپنی سفارشات پیش کرے تاکہ ایسوسی ایشن اس اضافہ پر عمل درآمد کروائے۔ کمیٹی میں تین تین ناموں پر ایسوسی ایشن اور مکینوں پر مشتمل لوگوں پر اتفاق ہوا جس میں جناب یونس محی الدین، جناب محمد علی/ امیاز احمد صدیقی اور جناب حبیب الرحمٰن خان ایسوسی ایشن کی جانب سے اور جناب سید ارشاد احمد، جناب عاطف خان اور جناب نسیم چوہدری مکینوں کی جانب سے منظور کئے گے۔

۵۔ چھ رکنی کمیٹی نے 25 جنوری 2024 کی رات ایک مفصل میٹنگ (جسکے منٹس منسلک ہیں) کے بعد اپنی سفارش کی کہ ماہانہ کنٹری بیوشن جنوری 2024 سے 2300 روپے کی جائے جس پر ایسوسی ایشن نے اتفاق کیا اور اب ماہانہ کنٹری بیوشن 2300 روپے کے حساب سے لی جائے گی جس میں سالانہ 100 روپے کا اضافہ بھی شامل ہے۔

۶۔ اجلاس اختتام پزیر ہوا اور مہمانوں کی تواضع کچوری ترکاری وگلاب جامن اور گرما گرم چائے سے کی گئی۔

شکریہ

یونس محی الدین
جنرل سیکٹریٹری